नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions : 28

No. of Printed Pages : 7

# SS–22 – Urdu Sah.

## URDU SAHITYA

### SENIOR SECONDARY EXAMINATION-2020

**Time : 3¼ Hours**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لئے ہدایات :**

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

**نوٹ :** مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات **ایک** سطر میں لکھیے :

1. ''باغ و بہار'' کے مصنف کا نام کیا ہے ؟ **1**

2. مرزا ظاہردار بیگ نے کس کو مسجد میں ٹھہرایا تھا ؟ **1**

3. سریندر پرکاش کہاں پیدا ہوئے ؟ **1**

4. چودھری عبدالغفور سرورؔ کو کس نے خط لکھا ؟ **1**

5. وحیدالدین سلیمؔ نے اپنے مضمون میں کس کو مخاطب کیا ہے ؟ **1**

6. مومنؔ کب پیدا ہوئے ؟ **1**

7. جگرؔ مرادآبادی کا پورا نام لکھیے۔ **1**

8. قصیدہ ''ساون میں دیا پھر مہِ شوّال دکھائی'' کس کی مدح میں لکھا گیا ؟ **1**

9. اردو کے کسی ایک مشہور مرثیہ نگار کا نام لکھیے۔ 1

10. قابلؔ اجمیری کے مطابق کس کا پانی آبِ بقا کا ثانی ہے؟ 1

**نوٹ** : مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے :

11. اکبر نے رگھوپت کا دل کس طرح جیت لیا ؟ 2

12. غالبؔ نے کن کن شعراء کی غزلیں ایک جگہ دھری تھیں ؟ 2

13. مولانا آزادؔ کے مطابق سچی عظمت کیا ہے؟ 2

14. ’’قیامت کا انتظار‘‘ سے داغؔ دہلوی کی کیا مراد ہے؟ 2

15. سوداؔ نے اپنا تخلص سوداؔ کیوں رکھا تھا ؟ 2

16. حالیؔ نے کس کا مرثیہ لکھا اور ان کا حالیؔ سے کیا رشتہ تھا ؟ 2

17. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق و سباق تشریح کیجیے : 4

عجب طرح کا غم ہوا جس کا بیان نہیں کر سکتا۔ ایک بارگی یتیم ہو گیا۔ کوئی سر پر بوڑھا بڑا نہ رہا۔ اس مصیبت ناگہانی سے رات دِن رویا کرتا، کھانا پینا سب چھوٹ گیا۔ چالیس دِن جوں توں کر کٹے۔ چہلم میں اپنے بیگانے، چھوٹے بڑے جمع ہوئے۔ جب فاتحہ سے فراغت ہوئی، سب نے فقیر کو باپ کی پگڑی بندھوائی اور سمجھایا، دنیا میں سب کے ماں باپ مرتے آئے ہیں اور اپنے تئیں بھی ایک روز مرنا ہے۔ پس صبر کرو، اپنے گھر کو دیکھو، اب باپ کی جگہ تم سردار ہوئے۔

یا

وہ حضرت بھی معلوم ہوتا ہے بھوکے بیٹھے تھے، دوسرے دن اٹھتے ہی انہوں نے ہمارے دروازے پر مکے بازی شروع کر دی۔ کچھ دیر ہم سمجھے کہ خواب ہے، ابھی سے کیا فکر کرنا، جب جاگیں گے لاحول پڑھ لیں گے، لیکن گولہ باری لمحہ بہ لمحہ تیز ہوتی گئی اور صاحب، جب کمرے کی چوبی دیواریں لرزنے لگیں، صراحی پر رکھا ہوا گلاس جل ترنگ کی طرح بجنے لگا اور دیوار پر لٹکا ہوا کیلنڈر پنڈولم کی طرح ہلنے لگا تو بیداری کا قائل ہونا ہی پڑا۔ مگر اب بھی دروازہ ہے کہ لگاتار کھٹکھٹایا جا رہا ہے۔

18. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق و سباق تشریح کیجئے : 4

سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام
دنیا ہے عجب چیز کبھی صبح کبھی شام
مدّت سے تم آوارہ ہو پنہائے فضا میں
بڑھتی ہی چلی جاتی ہے بے مہریِ ایّام
نے ریت کے ذروں پہ چمکنے میں ہے راحت
نے مثل صبا طوف گل و لالہ میں آرام

یا

مندرجہ ذیل اشعارِ غزل کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے :

(i) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا

رنج راحت فزا نہیں ہوتا

(ii) جو چیز بھی مجھ کو ہاتھ آئی

تیری سوغات ہو گئی ہے

19. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی **ایک** سبق کا خلاصہ لکھیے : 4

(i) بجوکا

(ii) خطاب بہ طلبا

20. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھیے : 4

(i) جدید ترقیات

(ii) رامائن کا ایک سین

21. مندرجہ ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی **ایک** صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے : 4

(i) ناول

(ii) مضمون و انشا پردازی

22. مندرجہ ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی **ایک** صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے : 4

(i) غزل

(ii) قصیدہ

23. تشبیہ کی تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی دیجیے۔ 4

24. حُسنِ تعلیل کی تعریف لکھتے ہوئے شعر سے مثال بھی پیش کیجیے۔ 4

25. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے : 6

(i) ڈپٹی نذیر احمد

(ii) مولانا ابوالکلام آزاد

26. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے : 6

(i) مرزا غالبؔ

(ii) نظیرؔ اکبرآبادی

27. دبستانِ دہلی کی اہم خصوصیات میں سے کنہیں **تین** پر روشنی ڈالیے۔ 6

**یا**

فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا مفصل جائزہ لیجیے۔

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیے : 8

(i) کمپیوٹر کی اہمیت اور افادیت

(ii) ہوا محل کی سیر

(iii) بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ

(iv) میری پسندیدہ شخصیت